102301

اردو لازمی (دہم)

نوٹ: حصہ ب اور حصہ ج کے لیے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

نمبر: 36

حصہ ب

II ۔مندرجہ ذیل اجزاء میں سے کسی (9) کے مختصر جوابات تحریر کریں۔تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. اقبال زبان پرستی اور وطن پرستی کے کیوں مخالف تھے؟

ii. فقیر کی صدا کا حال اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

iii. نام دیو کے کردار میں کون کون سی خوبیاں موجود تھیں؟

iv. افسانہ "ایک کہانی بڑی پرانی" سے آپ کیا سبق اخذ کرتے ہیں۔

v. ان الفاظ کے مترادف لکھیے۔ مسرت، قاعدہ، گمان، زندان۔

vi. رشید احمد صدیقی نے سید بشیر الدین کی زبان کی حلاوت کی تعریف کن الفاظ میں کی ہے۔

vii. مولوی عبدالحق نے ریاست حیدر آباد دکن میں کیا اہم خدمات انجام دیں؟

viii. تشبیہ کی تعریف کریں اور مثالوں سے وضاحت کریں۔

ix. سفر نامہ کی تعریف کریں۔آپ کی کتاب میں کون سا سفر نامہ آپ کو پسند ہے؟

x. ان الفاظ کے متضاد لکھیے۔ ہنسنا، جینا، شام، فلک

xi. ادا جعفری کو کن انعامات سے نوازا گیا؟

xii. جمیل الدین عالی کے کلام کی خوبیاں تحریر کریں۔

نمبر: 24

حصہ ج

5

III. متن اور سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کریں۔

(الف) گاندی جی سے ٹکر لینے کے بعد مولوی صاحب اردو کے قائدِ اعظم بن گئے تھے اور بابائے اردو کہلانے لگے تھے۔ یہ صرف مولوی صاحب ہی تھے جو اردو کے لئے لڑتے بھڑتے تھے اور اردو کے پروپیگنڈے کے لئے کسی سے ایک پیسہ طلب نہیں کرتے تھے۔ان کے پیر طریقت سرسید احمد خان سارے ملک میں گھوم پھر کر چندے اگاہا کرتے تھے مگر مولوی صاحب کہا کرتے تھے کہ کسی سے چندہ مانگتے مجھے شرم آتی ہے۔ یہ کام میرے بس کا نہیں ہے۔ چنانچہ سارے اخراجات مولوی صاحب اپنی پنشن سے پورے کرتے تھے۔

(ب) اور جیسے اس انار کے سارے جلتے پھول ان پر برس گئے۔ پھر بھی نہ جانے کیسے ان کا کانپتا ہوا ہاتھ بے اختیار آگے بڑھا۔ درمیانی گول میز جیسے انھیں نظر نہیں آرہی تھی۔ یہ میز پر اوندھے گئیں اور جانے کیسے انھوں نے میاں کی پتلون کا پائنچا مضبوطی سے مٹھی میں جکڑ لیا اور کہنے کی کوشش میں ہانپنے لگیں۔

IV. شاعر اور نظم کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔

(الف) لہر کھاتا ہے رگِ خاشاک میں جس کا لہو
جس کے دل کی آنچ بن جاتی ہے سیلِ رنگ و بو
دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر
دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر

(ب) جو کہنا تھا اسے سب کہہ گیا قرآں کے پردے میں
زمانہ حشر تک کرتا رہے تفسیرِ آزادی
لہو برسا ہے، آنسو، لٹے رہرو، کٹے رشتے
ابھی تک نامکمل ہے مگر تعمیرِ آزادی

V. بحوالہ شاعر کسی ایک غزلیہ جز کی تشریح کریں۔

(الف) جو عدم کی جان ہے جو ہے پیامِ زندگی
اس سکوتِ راز، اس آواز کی باتیں کرو
نام بھی لیتا ہے جس کا اک جہانِ رنگ و بو
دوستو! اس نو بہارِ ناز کی باتیں کرو

(ب) [illegible] گئے کہ پھر جفا بھی نہ کی
دشمنی کا بھی حق ادا نہ ہوا
کٹ گئی احتیاطِ عشق میں عمر
ہم سے اظہارِ مدعا نہ ہوا

VI. درجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں۔

(الف) غلامی ایک لعنت ہے۔

(ب) قومی اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔

(ج) سیلاب کی تباہ کاریاں اور ہمارا کردار۔

www.ilmkidunya.com